دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

نمبر شمار 19641/C

تاریخ 22-01-2021

شعبہ امتحانات

<u>نوٹیفکیشن</u>

اسلامیہ یونیورسٹی کے اعلامیہ کے مطابق ایم اے، ایم ایس سی کے امتحانات شیڈول کے مطابق 03 فروری، 2021 سے منعقد ہوں گے۔ اس سلسلہ میں گذشتہ روز اولڈ کیمپس میں ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں محمد اشرف کمال پرنسپل پوسٹ گریجویٹ کالج بہاولپور، ڈاکٹر زاہد اختر نمائندہ پرنسپل گورنمنٹ ایس ای کالج بہاولپور، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز محمد اشفاق، پرائیویٹ کالجز کے پرنسپلز اور یونیورسٹی انتظامیہ کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ بہاولپور ڈویژن میں انٹرنیٹ کی دستیابی ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔ اور ایم اے، ایم ایس سی کے پرائیویٹ امیدواران کمپیوٹر کی نسبت روائتی طریقہ امتحان میں زیادہ سہولت محسوس کرتے ہیں۔

ان حالات میں آن لائن امتحانات کا انعقاد امیدواران کی بہت بڑی تعداد کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہوگا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ روائتی امتحانات میں کامیاب نہ ہونے والے امیدواران کو اگلے امتحان میں اضافی موقع دیا جائے گا۔

اجلاس میں مکمل اتفاق رائے سے فیصلہ کیا گیا کہ ایم اے، ایم ایس سی کے امتحانات روائتی طریقہ کار کے مطابق 3 فروری سے منعقد کروائے جائیں گے۔

22/01/2021

کنٹرولر امتحانات